محترم جناب مفتی صاحب دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سوال کے ساتھ منسلک کاغذات میں EFU نامی کمپنی کی طرف سے دو اسلامی پروڈکٹس کا تذکرہ ہے، کمپنی کا یہ دعویٰ ہے کہ اگرچہ اس کا اپنا کوئی شرعیہ بورڈ نہیں ہے، لیکن چونکہ وہ ان پروڈکٹس کے ذریعہ حاصل شدہ سرمایہ کو صرف ایسی جگہ پر سرمایہ کاری کرتے ہیں جو شرعاً جائز کام کر رہے ہوں، لہذا یہ شرعاً درست ہے، کیا کمپنی کا یہ دعویٰ درست ہے؟ اور اس میں پیسہ لگانا جائز ہے؟

سائل: ساجد محمود

فیوچر کالونی لانڈھی کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## الجواب حامداً ومصلیاً

مروجہ انشورنس کمپنیوں کا کاروبار سود، قمار (جوا) اور غرر پر مبنی ہوتا ہے، اور قمار کی بنیاد پر حاصل ہونے والی ساری آمدنی حرام ہوتی ہے، لہذا ان وجوہات کی بناء پر EFU کی پوری آمدنی یا غالب آمدنی حرام ہے، لہذا اس حرام آمدنی سے کوئی فنڈ قائم کرنا اور لوگوں کا کمپنی کے ساتھ مل کر اس میں سرمایہ کاری کرنا شرعاً جائز نہیں۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ مذکورہ کمپنی کا یہ کہنا کہ کمپنی کے دو فنڈز ''نور'' اور ''اثاثہ'' کے نام سے ہیں، کمپنی ان فنڈز کا سرمایہ صرف شریعت کے مطابق کام کرنے والے ایسے اداروں میں لگاتی ہے جن کے معاملات کی نگرانی متعلقہ شریعہ بورڈ یا شریعہ ایڈوائزر کرتے ہیں، تو اس کے بارے میں عرض یہ ہے کہ یہ کمپنی کا محض دعویٰ ہے، اور بروشر میں جن حضرات کے نام دیئے ہیں وہ EFU کے بورڈ پر نہیں، بلکہ دوسرے مختلف اسلامی اداروں کے بورڈز کے ارکان ہیں، مذکورہ کمپنی نے لوگوں کو راغب کرنے کے لئے یہ نام استعمال کئے ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ کمپنی کا نہ اپنا کوئی شریعہ بورڈ ہے نہ کوئی شریعہ ایڈوائزر ہے، اور نہ ہی کمپنی کے معاملات کا کوئی شریعہ آڈٹ ہوتا ہے، جس کی وجہ سے کمپنی کی سرمایہ کاری کی نگرانی کا کوئی انتظام نہیں، لہذا ان تمام وجوہات کی بناء پر EFU کمپنی کے مذکورہ دونوں فنڈز (نور اور اثاثہ) میں سرمایہ کاری کرنے سے بچنا ضروری ہے۔ (ماخذہ تبویب ۳۸/۱۰۴۹)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

محمد طلحہ اقبال عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۴۳۱/۶/۱۶ھ

ASASA SAVINGS & WEALTH ACCUMULATION PLAN

NOOR CHILD EDUCATION & MARRIAGE PLAN

# Frequently Asked Questions – Fund & Investments

## What is EFU Aitemad Growth Fund? Tell me a little bit about the new fund

Noor and Asasa, both products are linked to a new unit linked fund of EFU Life - EFU Aitemad Growth Fund. The fund follows a specific investment strategy (which is different from the investment strategy of EFU Life's existing unit linked funds) whereby all investments are made in interest free Islamic investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks and Sukuk Bonds.

## Does EFU Life have a Shariah Board to approve the Islamic investments of the fund?

EFU Life has carefully selected the investment options for the new unit linked fund. The money will be invested in instruments such as Islamic mutual funds, term deposits in Islamic Banks and Sukuk Bonds which are already approved by the respective entity's Shariah Boards, which includes prominent religious scholars of international stature. This means that by investing in only a selected number of investment instruments, EFU Life has access to the Shariah approval of multiple Shariah boards. Due to this reason, EFU Life has not set up an internal Shariah Board in the initial stage.

List of Islamic mutual funds and their Shariah advisors is as follows

| | |
|---|---|
| 1. Al-Meezan Investment Management Limited (AMMF & MBF)<br>1. Justice Muhammad Taqi Usmani<br>2. Dr. Abdul Sattar Ghuddah<br>3. Sheikh Essam M. Ishaq<br>4. Dr. Muhammad Imran Ashraf Usmani | 2. Arif Habib Investment Management Limited (PIEF)<br>1. Justice Muhammad Taqi Usmani<br>2. Maulana Mahmood Ashraf Usmani<br>3. Dr. Muhammad Imran Ashraf Usmani<br>4. Mufti Muhammad Zahid |
| 3. UBL Fund Managers (UCIF)<br>1. Maulvi Muhammad Hassan Kaleem<br>2. Muhammad Najeeb Khan<br>3. Dr. Khalid Zaheer<br>4. Mr. Asif Iftikhar | 4. Alfalah GHP Investment Management Limited (AGIF)<br>1. Mr. Khalil Ahmed Aazami<br>2. Dr. Ejaz Ahmed Samadani |
| 5. JS Investments / Abamco (UTPISF)<br>1. Mr. Wasi-ul-Hasan Ansari<br>2. Prof. Abu-Faheem Anwarullah Bin Wali<br>3. Mr. Mustafa Fazil Ansari | 6. Atlas Asset Management Limited (AISF)<br>1. Dr. Fazlur Rahman<br>2. Mr. Muhammad Yahya Asim |
| 7. National Fullerton Asset Management Limited (NIMF)<br>1. Mufti Bilal Ahmed Qazi | |

## What investment returns can I expect from the new EFU Aitemad Growth Fund? Will these be similar to the returns provided by EFU Managed Growth Fund?

The EFU Aitemad Growth Fund is a new fund and thus it will take some time for the fund as well as the investment returns to build up. The overall avenues for Islamic investments are also limited as compared to conventional investment options. However, EFU Life has carefully selected the investment avenues to ensure that the returns provided by the new fund on a medium to long term basis are in line, or even better, than the investment returns available on comparative instruments in the market.

EFU Managed Growth Fund has a history of over 13 years and its market value is close to Rs. 10 billion. Since this is an established fund, the returns are very good as compared to the market. At this initial stage of Noor and Asasa, it is not advisable to benchmark the new fund with the returns offered by EFU Managed Growth Fund.

efu LIFE EFU Life Assurance Ltd